روزنامہ

ٹیلی فون نمبر: 213029

C.P.L 29

الفضل

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان

Web:http://www.alfazal.com

Email:editor@alfazal.com

پیر 30 مئی 2005ء 21 ربیع الثانی 1426 ہجری 30 ہجرت 1384 ہش جلد 55-90 نمبر 118

خلافت سے وابستہ رہو

حضرت حذیفہؓ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا اگر تم دیکھو کہ اللہ کا خلیفہ زمین پر موجود ہے تو اس سے وابستہ ہو جاؤ۔ اگرچہ (اس جرم میں) تمہارا بدن تار تار کر دیا جائے اور تمہارا مال لوٹ لیا جائے۔

(مسند احمد۔ حدیث نمبر 22333)

ہمارا خدا وعدوں کا سچا اور وفادار اور صادق خدا ہے

خلافت کی عظمت اور اس کے دائمی ہونے کے متعلق عظیم الشان پیشگوئی

سیدنا حضرت مسیح موعود کا پر معارف ارشاد

اے عزیزو! جبکہ قدیم سے سنت اللہ یہی ہے کہ خدا تعالیٰ دو قدرتیں دکھلاتا ہے تا مخالفوں کی دو جھوٹی خوشیوں کو پامال کر کے دکھلا دے۔ سو اب ممکن نہیں ہے کہ خدا تعالیٰ اپنی قدیم سنت کو ترک کر دیوے۔ اس لئے تم میری اس بات سے جو میں نے تمہارے پاس بیان کی غمگین مت ہو اور تمہارے دل پریشان نہ ہو جائیں کیونکہ تمہارے لئے دوسری قدرت کا بھی دیکھنا ضروری ہے اور اس کا آنا تمہارے لئے بہتر ہے کیونکہ وہ دائمی ہے جس کا سلسلہ قیامت تک منقطع نہیں ہوگا۔ اور وہ دوسری قدرت نہیں آسکتی جب تک میں نہ جاؤں۔ لیکن میں جب جاؤں گا تو پھر خدا اس دوسری قدرت کو تمہارے لئے بھیج دے گا جو ہمیشہ تمہارے ساتھ رہے گی۔ جیسا کہ خدا کا براہین احمدیہ میں وعدہ ہے۔ اور وہ وعدہ میری ذات کی نسبت نہیں ہے بلکہ تمہاری نسبت وعدہ ہے جیسا کہ خدا فرماتا ہے کہ میں اس جماعت کو جو تیرے پیرو ہیں قیامت تک دوسروں پر غلبہ دوں گا۔ سو ضرور ہے کہ تم پر میری جدائی کا دن آوے تا بعد اس کے وہ دن آوے جو دائمی وعدہ کا دن ہے۔ وہ ہمارا خدا وعدوں کا سچا اور وفادار اور صادق خدا ہے وہ سب کچھ تمہیں دکھلائے گا جس کا اس نے وعدہ فرمایا ہے۔ اگرچہ یہ دن دنیا کے آخری دن ہیں اور بہت بلائیں ہیں جن کے نزول کا وقت ہے پر ضرور ہے کہ یہ دنیا قائم رہے جب تک وہ تمام باتیں پوری نہ ہو جائیں جن کی خدا نے خبر دی۔ میں خدا کی طرف سے ایک قدرت کے رنگ میں ظاہر ہوا اور میں خدا کی ایک مجسم قدرت ہوں۔ اور میرے بعد بعض اور وجود ہوں گے جو دوسری قدرت کا مظہر ہوں گے۔ سو تم خدا کی قدرت ثانی کے انتظار میں اکٹھے ہو کر دعا کرتے رہو۔ اور چاہئے کہ ہر ایک صالحین کی جماعت ہر ایک ملک میں اکٹھے ہو کر دعا میں لگے رہیں تا دوسری قدرت آسمان سے نازل ہو اور تمہیں دکھا دے کہ تمہارا خدا ایسا قادر خدا ہے۔ اپنی موت کو قریب سمجھو تم نہیں جانتے کہ کس وقت وہ گھڑی آجائے گی۔

اور چاہئے کہ جماعت کے بزرگ جو نفس پاک رکھتے ہیں میرے نام پر میرے بعد لوگوں سے بیعت لیں۔ خدا تعالیٰ چاہتا ہے کہ ان تمام روحوں کو جو زمین کی متفرق آبادیوں میں آباد ہیں کیا یورپ اور کیا ایشیا۔ ان سب کو جو نیک فطرت رکھتے ہیں توحید کی طرف کھینچے اور اپنے بندوں کو دین واحد پر جمع کرے۔ یہی خدا تعالیٰ کا مقصد ہے جس کے لئے میں دنیا میں بھیجا گیا۔ سو تم اس مقصد کی پیروی کرو۔ مگر نرمی اور اخلاق اور دعاؤں پر زور دینے سے اور جب تک کوئی خدا سے روح القدس پا کر کھڑا نہ ہو سب میرے بعد مل کر کام کرو۔

(الوصیت۔ روحانی خزائن جلد 20 ص 305)

داخلہ مدرسۃ الحفظ

چونکہ امسال مدرسۃ الحفظ میں داخلہ کیلئے انٹرویو اپریل کی بجائے 6`7/اگست 2005ء کو ہو رہا ہے اس سے بعض والدین کے ذہنوں میں بچوں کی عمر کے سلسلہ میں خدشات ہیں۔ اس بارہ میں تحریر ہے کہ امیدوار کیلئے ضروری ہے کہ اس کی عمر 31 مارچ 2005ء تک ساڑھے گیارہ سال سے زائد نہ ہو۔ اب ایسے تمام امیدوار جن کی عمر 31 مارچ 2005ء تک ساڑھے گیارہ سال سے کم ہے داخلہ کیلئے Apply کر سکتے ہیں۔ باقی قواعد اور شیڈول انٹرویو حسب سابق ہوگا۔ (پرنسپل مدرسۃ الحفظ)

خالی پلاٹوں کی حفاظت

ربوہ کے ماحول میں مضافاتی محلوں میں جن احباب نے پلاٹس خرید کئے ہوئے ہیں اور ابھی مکان تعمیر نہیں کئے۔ ان کی خدمت میں گزارش ہے کہ وہ اپنے خالی پلاٹوں کی حفاظت کیلئے ان پر باضابطہ قبضہ کی صورت پیدا کریں۔ اس کیلئے ضروری ہے کہ رجسٹری کے بعد انتقال کے اندراج کے بعد اب موقع پر نشاندہی حاصل کر کے کم از کم چاردیواری تعمیر کریں۔ بغیر قبضہ آپ کا پلاٹ قطعی غیر محفوظ ہے۔ اکثر کالونیاں زرعی اراضی پر بنائی گئی ہیں اور مشترکہ کھاتہ میں باضابطہ نشاندہی اور قبضہ انتہائی ضروری ہوتا ہے۔ یہ امر فوری لائق توجہ ہے اور اس پر عمل درآمد دراصل آپ کے مفاد کا تقاضا ہے۔ اس سلسلہ میں اگر کوئی دقت درپیش ہو تو صدر مضافاتی کمیٹی دفتر صدر صاحب عمومی سے رابطہ فرمائیں۔

(صدر عمومی لوکل انجمن احمدیہ ربوہ)

ایک احمدی کا اعزاز

مورخہ 15 مئی 2005ء کو جناب ڈاکٹر عشرت حسین صاحب گورنر سٹیٹ بینک آف پاکستان نے سٹیٹ بینک کے بانی ممبران "جنہوں نے بینک کے استحکام میں قابل قدر خدمات سرانجام دیں" کے اعزاز میں ایک دعوت دی۔ اس میں مکرم محمد ظفر اللہ صاحب سیکرٹری اصلاح وارشاد علامہ اقبال ٹاؤن لاہور کو بھی مدعو کیا گیا اور گورنر صاحب نے انہیں ایک شیلڈ سے بھی نوازا۔ احباب کی خدمت میں درخواست دعا ہے کہ خدا تعالیٰ ان کیلئے یہ اعزاز مبارک کرے۔

ترقی کا ذریعہ

خلافت ارتقاءِ نسلِ انسانی کی صورت ہے
یہ مومن صالح الاعمال کی جاوید دولت ہے
خلافت میں خداوندِ دو عالم کی نیابت ہے
خلافت میں تمام اقوامِ عالم کی امامت ہے
خلافت لازم و ملزوم شانِ ہر نبوت ہے
خلافت بعد میں روشن نشانِ ہر رسالت ہے
خلافت ہی سے استحکام احکام شریعت ہے
خلافت ہی سے قطع و قمع کفر و شرک و بدعت ہے
خلافت سرِّ وحدت وجہ تنظیم جماعت ہے
یہی روح و رواں صدق و اخلاص و محبت ہے
خلافت سے جو پھرتے ہیں ضلالت میں وہ گرتے ہیں
خلافت کی اطاعت رب اکبر کی اطاعت ہے
خلافت سے بدل جاتی ہے تقدیر امم جلدی
یہ حسب وحی ربانی وہی موعود ساعت ہے
خلافت میں بڑے چھوٹے ہوئے چھوٹے بڑے ہونگے
اسی دنیا میں قائم ہونے والی اک قیامت ہے
خلافت ہی نے کچلیں، کچلیاں اس اژدھے کی ہیں
بنی آدم کو ڈس لینا پرانی جس کی عادت ہے
خلافت پر تصدق مال و جان مومناں ہو گا
کہ دینی دنیوی آثار کی اس سے حفاظت ہے
اسی سے روز افزوں ہے ترقی اس جماعت کی
اسی سے ہو رہی تنظیم ملک و قوم و ملت ہے

حضرت قاضی محمد ظہور الدین اکملؔ

اطلاعات و اعلانات

نوٹ: اعلانات صدر/امیر صاحب حلقہ کی تصدیق کے ساتھ آنا ضروری ہیں۔

سانحہ ارتحال

محترم رفیق احمد ناصر صاحب تحریر کرتے ہیں کہ خاکسار کے ماموں مکرم محمد اشرف صاحب ولد مکرم خیر دین صاحب 13 مئی 2005ء کو دل کی تکلیف کی وجہ سے فضل عمر ہسپتال میں بعمر 57 سال انتقال کر گئے۔ وفات سے تین روز قبل آپ کی وصیت منظور ہوئی تھی۔ آپ ہر ایک کو خندہ پیشانی سے ملتے اور ملنسار تھے مورخہ 14 مئی 2005ء کو بیت مبارک میں آپ کا جنازہ مکرم راجہ نصیر احمد صاحب ناظر اصلاح وارشاد مرکزیہ نے پڑھایا اور بہشتی مقبرہ میں تدفین کے بعد آپ نے ہی دعا کروائی۔ آپ نے پسماندگان میں بیوہ 7 بیٹیاں اور ایک بیٹا (کلاس نہم) چھوڑے ہیں۔ احباب جماعت سے مرحوم کی بلندی درجات اور پسماندگان کے صبر جمیل کیلئے دعا کی درخواست ہے۔

اعلان داخلہ

کامسیٹس (Comsats) انسٹیٹیوٹ آف انفارمیشن ٹیکنالوجی نے اسلام آباد، ایبٹ آباد، لاہور، واہ، اٹک کے کیمپسز میں درج ذیل بیچلرز اور ماسٹرز پروگرام آفر کئے ہیں۔ (i) بی ایس (سی ایس) (ii) بی ایس (سی ای) (iii) بی ایس (ٹی ای) (iv) بی ایس (ای ای) (v) بی ایس الیکٹرونکس (vi) بی ایس (میتھ) (vii) بی ایس (بائیو انفارمیٹکس) (viii) بی ایس (بی اے) (ix) ایم بی اے (x) ایم سی ایس (xi) ایم ایس سی (ڈی ایس)

درخواست جمع کروانے کی آخری تاریخ 15 جون ہے اس سلسلہ میں مزید معلومات روزنامہ جنگ مورخہ 22 مئی 2005ء سے حاصل کی جاسکتی ہیں۔

پاکستان ائیر فورس نے سپیشل پرپز سروس کمیشن (ایس پی ایس ایس سی) شارٹ سروس کمیشن اور مستقل کمیشن کا اعلان کیا ہے اس سلسلہ میں رجسٹریشن مورخہ 23 مئی 2005ء سے 2 جون 2005ء تک ہوگی۔ مزید معلومات کیلئے روزنامہ جنگ مورخہ 22 مئی 2005ء ملاحظہ کریں۔

شہید ذوالفقار علی بھٹو انسٹیٹیوٹ آف سائنس اینڈ ٹیکنالوجی نے مختلف بیچلرز اور ماسٹرز پروگرام میں داخلے کا اعلان کیا ہے۔ درخواست جمع کروانے کی آخری تاریخ 25 جون 2005ء ہے جبکہ داخلہ ٹیسٹ 3 جولائی 2005ء کو ہوگا۔ مزید معلومات کیلئے روزنامہ جنگ مورخہ 22 مئی 2005ء ملاحظہ کریں۔

(نظارت تعلیم)

نکاح

مکرم منور احمد ضیاء صاحب سیکرٹری مال جماعت احمدیہ پتوکی تحریر کرتے ہیں کہ میرے بیٹے مکرم حافظ محمد ظفر اللہ صاحب لاہور کا نکاح ہمراہ مکرمہ تنویر صدیق صاحبہ بنت مکرم محمد صدیق صاحب لاہور مبلغ ایک لاکھ روپے حق مہر پر مکرم وسیم احمد شمس صاحب مربی سلسلہ نے 6 مئی 2005ء کو بیت النور ماڈل ٹاؤن لاہور میں پڑھایا۔ مکرم حافظ محمد ظفر اللہ صاحب والد کی طرف سے حضرت مولوی عبدالرحمٰن صاحب آف بھینی رفیق حضرت مسیح موعود کی نسل سے اور والدہ کی طرف سے حضرت میاں محمد دین صاحب آف میرک رفیق حضرت مسیح موعود کی نسل سے ہیں۔ احباب سے دعا کی درخواست ہے کہ اللہ تعالیٰ دونوں خاندانوں کیلئے یہ رشتہ ہر لحاظ سے مبارک فرمائے۔ آمین

راہ خدا میں جان قربان کرنے والوں کے ورثاء متوجہ ہوں

☆ حضرت خلیفۃ المسیح الرابع نے اپنے خطبات میں شہدائے احمدیت کا جو تذکرہ فرمایا تھا وہ محفوظ ہے۔ اس تذکرہ کے علاوہ بھی حضور نے بوقت شہادت شہداء کے لواحقین کے نام خط یا پیغام کے ذریعہ اپنے جذبات بھجوائے ہوں گے یا خطبہ میں ذکر کیا ہوگا۔ شہداء کے لواحقین سے درخواست ہے کہ ایسی تحریرات کی فوٹو کاپی اور اگر خطبہ جمعہ/خطاب کا حوالہ ہو تو ادارہ طاہر فاؤنڈیشن کو مندرجہ ذیل پتہ پر ارسال کر کے ممنون فرمائیں۔

سیکرٹری طاہر فاؤنڈیشن
احاطہ دفتر پرائیویٹ سیکرٹری ربوہ
فون وفیکس: 213238
ای میل:
Secretary@tahirfoundation.org
info@tahirfoundation.org

(سیکرٹری طاہر فاؤنڈیشن)

درخواست دعا

مکرم فخر ھبۃ الاحمد صاحب ربوہ تحریر کرتے ہیں کہ میرے والد مکرم صلاح الدین صاحب ولد مکرم ضیاء الدین صاحب (احمد گولڈ سمتھ) چند دنوں سے ہارٹ اٹیک اور فالج کی وجہ سے فضل عمر ہسپتال ربوہ میں داخل ہیں حالت قابل فکر ہے احباب سے دعا کی درخواست ہے کہ اللہ تعالیٰ محض اپنے فضل سے شفاء کاملہ، عاجلہ سے نوازے ہر آن حامی و ناصر ہو۔

پبلشر آغا سیف اللہ، پرنٹر سلطان احمد ڈوگر مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت تین روپے پچاس پیسے

حضرت عمر بن الخطابؓ کی پاکیزہ زندگی کے نادر واقعات

آپ توحید کی غیرت رکھنے والے، علم کے قدردان، قول کے پکے، نور فراست سے مزین اور عاجزی کا پیکر تھے

مکرم حافظ عبدالحی صاحب بھٹی

مستجاب الدعوات

حضرت عمرؓ کے دور میں جب قحط پڑا تو آپ لوگوں کو لے کر نکلے اور انہیں دو رکعت نماز استسقاء پڑھائی اور آپ نے اپنی چادر الٹی کر لی دائیں کو بائیں اور بائیں کو دائیں طرف۔ پھر اپنے ہاتھ پھیلا دیئے اور اپنے رب کے حضور عرض کرنے لگے: اے میرے مولیٰ ہم تجھ سے بخشش طلب کرتے ہیں اور تجھ سے ہی ابر رحمت کی امید رکھتے ہیں آپ ابھی اپنی جگہ ہی کھڑے تھے کہ بارش برسنے لگی! اسی دوران آپ کے پاس کچھ بدوی آے اور عرض کی کہ امیر المؤمنین ہم فلاں وقت فلاں جگہ تھے کہ ہم نے ایک بادل دیکھا جس سے ندا آ رہی تھی: ابوحفص ابر رحمت تیرے پاس آتا ہے! ابوحفص ابر رحمت تیرے پاس آتا ہے!

(کرامات الاولیاء. سیاق ماروی من کرامات امیر المؤمنین أبی حفص. ھبۃ اللہ اللا سکائی. دار طیبۃ ریاض طبع اول)

علم دوست، قدر شناس

ایک عورت حضرت عمرؓ کے پاس آئی اور عرض کی کہ میں آپ کے پاس ایک ایسے شخص کی شکایت کرنے آئی ہوں جو ہر طرح کی نیکی بجالاتا ہے، ہمیشہ رات عبادت کے لئے کھڑا ہوتا ہے تو صبح ہو جاتی ہے اور دن کو روزہ رکھتا ہے! اور پھر شرم کے مارے وہ عورت چپ ہوگئی جضرت عمرؓ نے فرمایا: اللہ تجھے بہترین جزا دے تو نے کیا خوب اس کی تعریف کی ہے جب وہ واپس چلی گئی تو کعب بن سور نے عرض کی: امیر المؤمنین وہ آپ سے شکایت کر رہی تھی. آپ نے پوچھا: کیا شکایت کی؟ کعب نے عرض کی کہ وہ اپنے خاوند کی شکایت کر رہی تھی. آپ نے میاں بیوی دونوں کو بلانے کا حکم دیا. جب وہ دونوں آ گئے تو کعب سے کہا۔ ان کے درمیان فیصلہ کرو انہوں نے کہا: آپ کے ہوتے ہوے میں فیصلہ کروں؟! آپ نے کہا بالکل (کیونکہ اس عورت کی بات سے) جو تم سمجھے ہو میں نہیں سمجھا تھا۔ کعب نے کہا: اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ عورتوں میں سے جو عورتیں تمہیں پسند آئیں ان سے دو دو تین تین چار چار شادیاں کرو پھر اس عورت کے خاوند سے کہا: تم تین دن روزے رکھا کرو اور چوتھے دن اس کے ساتھ کھایا پیا کرو! اور اسی طرح تین راتیں قیام اللیل کرو اور چوتھی رات اپنی بیوی کے ساتھ بسر کیا کرو! اس پر حضرت عمر نے کہا: تمہارا یہ فہم مجھے پہلے فہم سے زیادہ پسند آیا ہے. پھر آپ نے انہیں بصرہ کا قاضی مقرر کر کے بھیج دیا۔ (المستطرف: 3:42)

حکیم و دانا استاد

حضرت عمرؓ سے کہا گیا کہ فلاں برائی سے ناآشنا ہے. آپ نے فرمایا: پھر تو اس کا برائی میں مبتلا ہونے کا زیادہ اندیشہ ہے (البیان والتبیین للجاحظ ۱:۷۵ دار الکتب العلمیۃ بیروت الطبعۃ الأولي)

مغیرہ بن عیینہ بیان کرتے ہیں کہ حضرت عمرؓ نے ایک آدمی کو دعا کرتے سنا جو کہہ رہا تھا کہ اللہ میاں مجھے تھوڑے بندوں میں سے بنا دے! آپ نے اس سے پوچھا یہ کیا دعا ہے؟ اس نے کہا کہ میں نے مؤمنوں کے لئے خدا کا قول پڑھا ہے کہ وہ تھوڑے ہیں اور پھر خدا کہتا ہے کہ میرے بندوں میں تھوڑے ہیں جو میرا شکر ادا کرتے ہیں. آپ نے اسے کہا: معروف دعا کیا کرو!

(البیان والتبیین 3=175)

ایک دفعہ حضرت عمرؓ نے کسی شخص سے کوئی بات پوچھی تو اس نے کہا: اللہ سب سے زیادہ جانتا ہے آپ نے کہا: اگر ہمیں یہ علم نہیں کہ اللہ سب سے زیادہ جانتا ہے تو ہم بہت ہی بد بخت ہیں! پھر آپ نے کہا اگر کسی سے کوئی بات پوچھی جائے اور اسے اسکا علم نہ ہو تو اسے کہنا چاہئے کہ مجھے علم نہیں. (البیان والتبیین 179:1)

نیک تمنا

حضرت عمرؓ چند لوگوں کے پاس سے گزرے جو اپنی اپنی تمنا کا اظہار کر رہے تھے انہوں نے آپ کو دیکھا تو چپ ہو گئے. آپ نے ان سے پوچھا کہ کیا کر رہے تھے؟ انہوں نے بتایا کہ اس طرح اپنی اپنی تمنا بیان کر رہے تھے. آپ نے کہا: کہ اپنی اپنی تمنا بیان کرو میں بھی اپنی تمنا بیان کرتا ہوں۔ انہوں نے کہا: آپ اپنی تمنا بیان کریں! آپ نے کہا کہ مجھے ابوعبید اور سالم جیسے اتنے لوگوں کی تمنا ہے جن سے یہ گھر بھر جائے!

(البیان والتبیین 96:3)

عزت کا معیار

حضرت عمرؓ جب شام آئے تو راستے میں آپ کو ایک گھاٹ نظر آیا آپ اپنے اونٹ سے اترے اور اپنی جوتیاں اتار کر ہاتھ میں پکڑ لیں پھر آپ جوتیاں ہاتھ میں پکڑے ہی پانی میں داخل ہو گئے تو حضرت ابوعبیدہؓ نے کہا: آپ اس ملک کے باشندوں کے سامنے یہ کیا کر رہے ہیں؟ حضرت عمرؓ نے اپنے سینے پہ ہاتھ مار کر کہا: کاش ابوعبیدہ تم ایسی بات نہ کرتے! اور پھر آپ نے فرمایا: تم لوگوں میں ذلیل اور حقیر ترین سمجھے جاتے تھے اور تمہارا شمار اقلیت میں تھا! اللہ تعالیٰ نے اسلام کے ذریعہ تمہیں عزت دی پس اب اگر تم اسلام کے علاوہ کچھ چاہو گے تو اللہ تمہیں ذلیل کر دے گا!

(تاریخ مدینۃ دمشق لابن عساکر؛ 44:5 دار الفکر طبعہ اولي بیروت)

الحکمۃ ضالۃ المؤمن

حضرت عمرؓ جب خلیفہ بنے تو انہیں پتہ چلا کہ امہات المؤمنین کا حق مہر پانچ سو درہم تک تھا اور رسول کریم ﷺ کے جگر گوشہ حضرت فاطمہؓ کا مہر چار سو درہم تھا تو آپ نے اجتہاد کرتے ہوئے اعلان کروایا کہ کسی کا مہر بھی رسول اکرم ﷺ کی بیٹی سے زیادہ نہ ہوگا اور جس نے چار سو درہم سے زیادہ حق مہر رکھا اسکا تو زائد حق مہر بیت المال کو دلوا دیا جائے گا خوف کے مارے لوگ چپ رہے لیکن ایک عورت بول اٹھی کہ آپ یہ فتویٰ کس بنا پہ دے سکتے ہیں جبکہ خدا کہہ رہا ہے کہ اگر تم نے ان میں سے کسی کو ڈھیروں ڈھیر مال دیا ہو تو اس میں سے کچھ بھی واپس نہ لو! تو حضرت عمرؓ نے کہا: ایک عورت نے ٹھیک کہا ہے جبکہ مرد نے غلطی کھائی ہے۔ (المستطرف؛ 1:192؛ باب 7)

صرف خدا کی خاطر

تنفیذ چاہنے والا

حضرت عمرؓ نے ایک دن ایک شخص کو نشہ میں دیکھا اسے سزا دینے کے لئے پکڑا تو اس نے آپ کو گالی دے دی اس پر آپ نے اسے چھوڑ دیا. آپ سے پوچھا گیا: امیر المؤمنین آپ نے اسے کیوں چھوڑ دیا جبکہ اس نے آپ کو گالی بھی دے دی؟! آپ نے کہا: کیوں کہ مجھے غصہ آ گیا تھا اور اب اگر میں اسے سزا دیتا تو اس میں میرے نفس کا دخل بھی ہوتا اور مجھے ہرگز پسند نہیں کہ میں اپنے نفس کی خاطر کسی مسلمان کو سزا دوں!

(المستطرف جلد نمبر 1 ص 588 باب 36)

لباس اور خوراک میں سادگی

جب حضرت عمرؓ شام آئے تو طور سینا میں قیام کیا. ایک رومی جرنیل نے ایک شخص کو بھیجا کہ جاؤ اور عرب کے بادشاہ کو دیکھ کر آؤ! اس نے دیکھا کہ آپ نے ایک اون کا جبہ پہنا ہوا ہے جس پہ جگہ جگہ پیوند لگے ہوئے ہیں اور آپ سورج کی طرف منہ کر کے کھڑے ہیں اور زین کے ساتھ لٹکے برتن سے روٹی کے سوکھے ٹکڑے نکال کر اور انہیں بھوسہ سے صاف کر کے کھا رہے ہیں. اس نے ساری صورتحال جا کر رومی جرنیل کو بتا دی تو اس نے کہا: میرا نہیں خیال کہ ہم میں اس سے لڑنے کی طاقت ہے یہ جو چاہتا ہے اسے دے دو.

(المستطرف جلد نمبر 1 ص 479؛ باب 32)

ابوعثمان النھدی بیان کرتے ہیں کہ میں نے حضرت عمر بن الخطابؓ کو ایک چادر میں خانہ کعبہ کا طواف کرتے ہوئے دیکھا جس میں بارہ پیوند تھے اور ان میں ایک پیوند سرخ چمڑے کا تھا.

(مناقب عمرؓ لابن جوزی؛ صفحہ 166؛ باب 46)

حضرت قتادہ بیان کرتے ہیں کہ ایک دفعہ حضرت عمرؓ جمعہ پہ دیر سے آئے اور پھر آ کر معذرت کی کہ مجھے اپنے کپڑے دھونے میں دیر ہو گئی کیونکہ میرے پاس اس لباس کے علاوہ کوئی دوسرا لباس نہ تھا.

(مناقب عمرؓ لابن جوزی؛ صفحہ 166؛ باب 46)

سید القوم خادمھم

حضرت انس بیان کرتے ہیں کہ حضرت عمرؓ ایک رات اپنی رعایا کے حالات معلوم کرنے کے لئے چکر لگا رہے تھے کہ آپ نے ایک نیا جھونپڑا دیکھا جو گزشتہ رات نہیں تھا آپ اس کے قریب گئے تو آپ کو ایک عورت کے کراہنے کی آواز سنائی دی جس کے پاس ایک آدمی بیٹھا ہوا تھا. آپ نے اسے آواز دی اور پوچھا: کون ہو؟ اس نے کہا بدوی ہوں. امیر المؤمنین کے پاس آیا تھا تا کہ کچھ مانگ سکوں. آپ نے پوچھا: اور یہ کراہنے کی آواز کیسی ہے؟ اس نے کہا: میری بیوی کو دردِ زہ نے آلیا ہے. آپ نے پوچھا: کوئی پاس ہے؟ اس نے کہا نہیں آپ اپنے گھر گئے اور جا کر اپنی رفیقہ حیات حضرت ام کلثوم بنت حضرت علی بن طالبؓ

سے کہا: اللہ ایک ثواب کے کام کی توفیق دے رہا ہے کرو گی؟ انہوں نے پوچھا کیا؟ آپ نے بتایا کہ ایک عورت کو دردزہ ہو رہا ہے اور اس کے پاس کوئی نہیں ہے. انہوں نے کہا اگر آپ چاہیں تو۔ آپ نے کہا اپنے ساتھ کچھ کپڑے اور تیل لے لو اور مجھے ایک ہنڈیا میں گھی اور دانے ڈال دو. پھر آپ وہ ہنڈیا اٹھا کر اس جھونپڑی کی طرف چل پڑے. حضرت ام کلثوم بھی آپ کے پیچھے چل پڑیں. جھونپڑی آئی تو آپ نے کہا: اندر داخل ہو جاؤ! اور خود اس شخص سے کہا کہ آگ جلاؤ پھر آپ نے وہ ہنڈیا چولہے پہ رکھ دی اور چولہے میں پھونکیں مارنے لگے اور آگ جلاتے رہے یہاں تک کہ وہ کھانا تیار ہو گیا. ادھر اس عورت کے بھی بچہ ہو گیا تو حضرت ام کلثوم نے کہا: امیر المؤمنین اپنے ساتھی کو بچے کی خوشخبری سنا دیں! اس شخص نے جب امیر المؤمنین سنا تو ڈر گیا اور شرمندہ ہونے لگا اور کہنے لگا: امیر المؤمنین میرے لئے شرم کا مقام ہے کہ آپ اس طرح لگے رہے! آپ نے کہا میرے عرب بھائی جب کسی کو مسلمانوں کے امور کا نگران بنا دیا جائے تو اسے چاہئے کہ وہ ان کے چھوٹے بڑے تمام امور کا خیال رکھے کیونکہ وہ اس کا جوابدہ ہے اور وہ غفلت برتتا ہے تو دین و دنیا دونوں کا نقصان کرتا ہے! پھر آپ کھڑے ہو گئے اور ہنڈیا حضرت ام کلثوم کو دی کہ اس عورت کو کھلا دو! جب اس عورت کی حالت سنبھلی تو حضرت ام کلثوم باہر آ گئیں. تو آپ نے اس شخص سے کہا اندر جاؤ اور خود بھی کھانا کھا لو اور صبح میرے پاس چلے آنا میں تمھاری ضرورتیں پوری کر دونگا!

(قصص العرب 11-3:12؛ المستطرف جلد نمبر 2 ص 427 باب 6)

اللہ کا شکر

اہل مکہ حضرت عمرؓ کے پاس آئے اور عرض کی امیر المؤمنین ابوسفیان نے پانی کی گزرگاہ روک دی ہے جس سے ہمارے گھر گرنے کا اندیشہ ہے! حضرت عمرؓ اپنا درہ لے کر ابوسفیان کے پاس جا پہنچے اور اسے حکم دینے لگے کہ یہ پتھر یہاں سے اٹھاؤ اور یہ بھی اور یہ بھی اس طرح پانچ چھ پتھر اٹھوا کر پانی کی گزرگاہ خالی کروائی. اور پھر خانہ کعبہ گئے اور کہا: تمام تعریفیں اللہ کے لئے ہیں جس نے عمر کو یہ مقام دیا کہ وہ مکہ کے اندر ابوسفیان کو حکم دے اور وہ اس کی اطاعت کرے.

(مناقب عمرؓ لابن جوزی؛ صفحہ 121؛ باب 38)

تواضع

عبداللہ بن بریدہ بیان کرتے ہیں: بعض اوقات حضرت عمرؓ کسی بچے کو پکڑتے اور اسے کہتے میرے لئے دعا کرو کیونکہ تم نے ابھی تک کوئی گناہ نہیں کیا!

(مناقب عمرؓ لابن الجوزی؛ صفحہ ۲۲۴؛ باب ۵۹)

علی بن زید بیان کرتے ہیں: جب حضرت عمرؓ کو خنجر مارا گیا تو حضرت علیؓ عیادت کو آئے اور آپ کے سرہانے بیٹھ گئے اسی اثنا میں حضرت عبداللہ بن عباسؓ بھی آ گئے اور آپ کی تعریف کرنے لگے. حضرت عمرؓ نے فرمایا: ابن عباس کیا تم جو کہہ رہے ہو اس کی گواہی دو گے؟ حضرت علیؓ نے اشارے سے حضرت ابن عباس سے ہاں کہنے کو کہا. حضرت ابن عباس نے کہا: جی۔ تو حضرت عمرؓ نے فرمایا: تم اور تمھارے ساتھی مجھے کسی دھوکہ میں مبتلا نہیں کر سکتے. پھر آپ نے حضرت عبداللہ بن عمرؓ سے فرمایا: میرا سر تکیہ سے اٹھا کر مٹی پہ رکھ دو شاید کہ خدا مجھ پہ نظر کرے اور رحم کر دے!

(تاریخ مدینہ دمشق لابن عساکر دار الفکر بیروت طبعۃ اولی)

نکتہ نواز

ایک اندھیری رات میں حضرت عمر گشت کرنے نکلے تو دیکھا کہ ایک گھر میں دیا جل رہا تھا اور وہاں سے باتوں کی آواز آ رہی تھی آپ دروازے پہ کھڑے ہو کر معاملہ کا پتہ چلانے کی کوشش کرنے لگے. آپ نے چند لوگوں کو ایک حبشی غلام کے ساتھ شراب پیتے ہوئے دیکھا تو دروازے سے اندر داخل ہونے کی کوشش کی لیکن کامیاب نہ ہو سکے تو آپ چھت کے ذریعہ ان کے پاس جا کودے جبکہ آپ کے ہاتھ میں کوڑا تھا. جب انہوں نے آپ کو دیکھا تو دروازہ کھول کر بھاگ کھڑے ہوئے لیکن آپ نے حبشی غلام کو پکڑ لیا. اس نے کہا: امیر المؤمنین میں نے غلطی کی ہے اور میں اس سے توبہ کرتا ہوں۔ آپ میری توبہ قبول کر لیں! آپ نے کہا: میں تو تمھاری غلطی پہ تمہیں مارنا چاہتا ہوں. اس نے کہا امیر المؤمنین اگر میں نے ایک غلطی کی ہے تو آپ سے تین غلطیاں سرزد ہوئی ہیں۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے (ولا تجسسوا) اور آپ نے تجسس کیا! اور اللہ حکم دیتا ہے کہ (واتوا البیوت من ابوابھا) کہ گھروں میں دروازوں سے داخل ہو! لیکن آپ چھت سے آئے! اور اللہ فرماتا ہے کہ تم اپنے گھروں کہ علاوہ دوسرے گھروں میں اس وقت تک داخل نہ ہو جب تک تم اپنی پہچان نہ کروا دو اور انہیں سلام نہ کر لو! لیکن آپ بغیر سلام کئے ہی داخل ہو گئے! پس ان کے بدلہ میری غلطی معاف کر دیں اور میں خدا سے توبہ کرتا ہوں کہ آئندہ شراب نہ پیوں گا! آپ نے اسے بخش دیا اور اس کے کلام سے محظوظ ہوئے.

(قصص العرب؛ محمد المولی؛ علی البجاوی؛ محمد ابو الفضل؛ ۱۸:۳ دار احیاء التراث العربی طبعۃ اولی)

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے محبت

اور کامل اطاعت

حضرت عبداللہ بن عباسؓ بیان کرتے ہیں: کہ حضرت عباس بن عبدالمطلب کا پرنالہ حضرت عمرؓ کے راستے میں پڑتا تھا. ایک دن حضرت عمرؓ جمعہ کے لئے تیار ہو کر نکلے اور جب پرنالے کے پاس سے گزرے تو حضرت عباس کے گھر ذبح کئے گئے چوزوں کا خون اور پانی آپ پہ آ گرا۔ آپ نے اس پرنالہ کو اکھاڑنے کا حکم دیا اور خود دوسرے کپڑے پہن کر نماز پڑھائی. اس کے بعد حضرت عباسؓ آپ کے پاس آئے اور کہنے لگے: خدا کی قسم وہ پرنالہ اس جگہ تھا جہاں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے رکھا تھا۔ اس پر حضرت عمرؓ نے حضرت عباسؓ سے کہا: میں تمہیں خدا کی قسم کہہ کر کہتا ہوں کہ تم میری پیٹھ پہ چڑھو اور اسے اسی جگہ لگاؤ جہاں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے لگایا تھا! پھر حضرت عباس نے ویسا ہی کیا جیسے حضرت عمرؓ نے کہا تھا۔

(الأحادیث المختارۃ جزء 8 صفحہ 391 رقم الحدیث 482 ابو عبداللہ محمد الحنبلی المقدسی مکتبۃ النھضۃ الحدیثۃ مکۃ المکرّمۃ طبعۃ أولی)

اپنی وفات کا علم

حضرت عمرؓ نے اپنی شہادت سے پہلے کہا اے لوگو! میں نے ایک خواب دیکھی ہے. جس سے میں سمجھتا ہوں کہ میرا وقت قریب آ گیا ہے! آپ نے فرمایا: میں نے ایک سرخ مرغ دیکھا جس نے مجھے دو دفعہ چونچیں ماریں؛ اور جب میں نے یہ خواب اسماء بنت عمیس سے بیان کی تو انہوں نے یہ تعبیر کی کہ مجھے کوئی عجمی شخص قتل کرے گا.

(مناقب لابن الجوزی؛ صفحہ 274؛ باب 74)

میاں عبدالسمیع حسنی صاحب ایڈووکیٹ

آپا امۃ الرشید صاحبہ کا ذکر خیر

ہماری سب سے بڑی ہمشیرہ آپا امۃ الرشید صاحبہ اہلیہ کیپٹن ڈاکٹر سراج الدین احمد صاحب مرحوم مورخہ 17 جنوری 2004 کو بمقام 89 سیالکوٹ چھاؤنی بعمر ساڑھے چھیاسی سال بقضائے الٰہی وفات پا گئیں۔ آپ بفضل اللہ موصیہ تھیں آپ کا جنازہ دو موجود چھوٹے بیٹے مورخہ 18 جنوری کو صبح دار الضیافت ربوہ لے آئے۔ نماز جنازہ بعد نماز ظہر بیت المبارک میں محترم چوہدری مبارک مصلح الدین احمد صاحب وکیل التعلیم تحریک جدید نے پڑھائی۔ تدفین بہشتی مقبرہ میں ہوئی۔ ان کے داماد مکرم الیاس احمد اسلم صاحب صدر جماعت حلقہ جوہر ٹاؤن لاہور بھی جنازہ کے ساتھ شامل تھے۔

آپا محترمہ والد مکرم چوہدری محمد یعقوب صاحب و والدہ محترمہ عزیز بی بی صاحبہ (بانیان جماعت احمدیہ 121/ ج۔ب گوکھووال (حسن پور) ضلع لائل پور /فیصل آباد) کے ہاں 1917ء میں پیدا ہوئیں۔ 17 سال کی عمر میں 1934ء میں برادرم ڈاکٹر صاحب سے شادی ہوئی۔ آپا جان مرحومہ نیک فطرت۔ نرم دل۔ پاک خُو۔ ہمدرد اور پیار کرنے والی بہن تھیں۔ تہجد گزار۔ نمازی، دعا گو اور صابرہ و شاکرہ تھیں۔ تیسرے بیٹے کی پیدائش پر دائیں جانب ٹانگ و بازو پر فالج ہو گیا۔ بعد میں غسل خانہ میں گرنے سے ٹانگ میں فریکچر ہو گیا کافی تکلیف کاٹی مگر کبھی ناشکری کا کلمہ زبان پر نہ آیا۔ بیماری میں بیٹیوں اور چاروں بہوؤں نے خدمت کی۔ تین بار U.K اپنے دونوں بیٹوں کے پاس رہ کر آئیں۔ وفات سے دو سال قبل صاحب فراش رہیں۔ چلنے پھرنے سے معذور تھیں۔ خدمت کے لئے ملازمہ رکھ لی تھی۔ چھوٹے بیٹے عزیزم نثار احمد کے پاس نئی کوٹھی میں رہائش تھی۔ دونوں بیٹوں اور ان کی بیویوں نے ہمشیرہ صاحبہ کی خدمت کا حق ادا کیا۔ اللہ تعالیٰ سب کو جزائے خیر دے۔ دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ ہمشیرہ صاحبہ مرحومہ کے درجات بلند فرمائے اور اولاد و دیگر لواحقین کو صبر جمیل عطا فرمائے۔ آمین

محترمہ ہمشیرہ مرحومہ نے اپنے پیچھے چار بیٹوں اور تین بیٹیوں کے علاوہ متعدد پوتے۔ پوتیاں۔ نواسے نواسیاں سوگوار چھوڑے ہیں۔

سب سے بڑے بیٹے ڈاکٹر منور احمد صاحب واقف زندگی ہیں جو آجکل گیمبیا میں بطور میڈیکل آفیسر خدمت سرانجام دے رہے ہیں۔ اس سے قبل لمبا عرصہ گھانا، نائیجیریا میں میڈیکل آفیسر کے طور پر خدمات کی توفیق پا چکے ہیں۔ دس گیارہ سال U.K میں رخصت پر رہے دریں اثناء مختلف حیثیتوں سے جماعتی خدمات پھر سیکرٹری امور عامہ U.K کے طور پر خدمت کی توفیق پائی۔

دوسرے بیٹے وقار احمد صاحب کیمیکل انجینئر U.K میں سروس کر رہے ہیں۔

تیسرے بیٹے سلیم احمد صاحب صدر جماعت سیالکوٹ چھاؤنی خدمت کی توفیق پا رہے ہیں۔

چوتھے بیٹے نثار احمد صاحب سابق نائب قائد ضلع وزعیم انصار اللہ چھاؤنی نے خدمت کی توفیق پائی۔

بڑی بیٹی محمودہ بیگم صاحبہ اہلیہ مکرم اظہر منظور احمد صاحب ابن مکرم ڈاکٹر لال الدین احمد صاحب مرحوم کراچی۔

دوسری بیٹی بشریٰ امۃ الجمیل مرحومہ اہلیہ مکرم خواجہ عبدالرشید صاحب آف قلعہ کالروالہ حال کراچی۔

تیسری بیٹی طاہرہ سلطانہ اہلیہ برادرم الیاس احمد اسلم صاحب اے۔وی۔پی (ر) نیشنل بنک پاکستان حال صدر حلقہ جوہر ٹاؤن لاہور ہے۔

چھوٹی بیٹی امۃ الودود لیڈی ڈاکٹر اہلیہ مکرم ملک شفیق احمد صاحب آرکیٹیکٹ انجینئر (مرکز ربوہ کی تعمیرات میں آنریری خدمات بجا لاتے رہے ہیں) لاہور ہیں۔

محمد داؤد بھٹی صاحب

مقربان الٰہی کی علامات

اس کارخانہ جہاں میں ہر منزل کے حصول کے لئے کوشش، محنت، مجاہدہ، سعی پیہم کی ضرورت ہے۔ اس کے بغیر تصورات کے محل تعمیر تو ہو سکتے ہیں لیکن حقیقی ترقیات کا ملنا دشوار ہے۔ یہاں تک کہ منہ ہلائے اور جبڑوں کو حرکت دیئے بغیر انسان غذا بھی نگل نہیں سکتا۔ اس لئے ضروری ہے کہ جس منزل کو حاصل کرنا ہے اس کی تعیین کر کے اس کی طرف ہمت اور مجاہدہ سے کوشش کی جائے تا مقصد کا حصول سہل ہو جائے۔

ایک مومن اگر دنیاوی کاموں کے ساتھ ساتھ رضائے الٰہی کی خاطر اپنا کچھ وقت حصول محبت الٰہی کے لئے بھی نکالے تو روحانی اور دنیاوی ترقیات کے عجیب خارق عادت مشاہدے اپنی زندگی میں کر سکتا ہے اور وہ خدائی تائیدات کو اپنی ذات میں حرکات و سکنات میں محسوس کر سکتا ہے۔ اسی بات کا اظہار حضرت رسول عربی محمد مصطفیٰ ﷺ نے کیا ہے۔ فرمایا:

میرے بندے کے لئے میرا قرب حاصل کرنے کی خاطر کوئی چیز نہیں بجز ان فرائض کے جو مجھے بے حد پسند و محبوب ہیں اور جن کو میں نے اس پر فرض کیا ہے اور میرا بندہ نوافل کے ذریعہ بھی میرا قرب حاصل کر لیتا ہے۔ یہاں تک کہ میں اسے محبوب بنا لیتا ہوں اور جب وہ میرا محبوب بن جاتا ہے تو پھر میں اس کے کان بن جاتا ہوں جس سے وہ سنتا ہے، اس کی آنکھ بن جاتا ہوں جس سے وہ دیکھتا ہے، اس کے ہاتھ بن جاتا ہوں جس سے وہ پکڑتا ہے اس کے پاؤں بن جاتا ہوں جس سے وہ چلتا ہے۔ جب وہ مجھ سے طلب کرتا ہے تو میں اسے عطا کرتا ہوں اور اگر وہ میری پناہ میں آنا چاہے تو میں اس کو اپنی پناہ میں لے لیتا ہوں۔

پھر فرمایا:

جب بندہ مجھ سے ایک بالشت نزدیک ہوتا ہے تو میں ایک ہاتھ اس کے قریب ہو جاتا ہوں اور جب وہ ایک ہاتھ میری طرف بڑھتا ہے تو میں دونوں ہاتھوں کے پھیلاؤ کے برابر اس کے نزدیک ہو جاتا ہوں اور جب وہ میری طرف آہستہ آہستہ چل کر آتا ہے تو میں جھپٹ کر (تیزی سے) اس کی طرف بڑھتا ہوں۔

ان احادیث مبارکہ کی مقدس اور پُر معارف تشریح حضرت مسیح موعود نے اپنی تصنیف لطیف حقیقۃ الوحی میں بیان کی، اس سے مقربان الٰہی کی صفات نمایاں ہو جاتی ہیں۔

"خدا کا کلام اس پر اسی طرح نازل ہوتا ہے جیسا کہ خدا کے پاک نبیوں اور رسولوں پر نازل ہوتا ہے اور وہ ظن سے پاک اور یقینی ہوتا ہے۔ یہ شرف تو اس کی زبان کو دیا جاتا ہے کہ کیا باعتبار کمیت اور کیا باعتبار کیفیت ایسا بے مثل کلام اس کی زبان پر جاری کیا جاتا ہے کہ دنیا اس کا مقابلہ نہیں کر سکتی اور اس کی آنکھ کو کشفی قوت عطا کی جاتی ہے جس سے وہ مخفی در مخفی خبروں کو دیکھ لیتا ہے اور بسا اوقات لکھی ہوئی تحریریں اس کی نظر کے سامنے پیش کی جاتی ہیں اور مُردوں سے زندوں کی طرح ملاقات کر لیتا ہے اور بسا اوقات ہزاروں کوس کی چیزیں اس کی نظر کے سامنے ایسی آ جاتی ہیں گویا وہ پیروں کے نیچے پڑی ہیں۔

ایسا ہی اس کے کان کو بھی مغیبات کے سننے کی قوت دی جاتی ہے اور اکثر اوقات وہ فرشتوں کی آواز کو سن لیتا ہے اور بے قراروں کے وقت ان کی آواز سے تسلی پاتا ہے اور عجیب تر یہ کہ بعض اوقات جمادات اور نباتات اور حیوانات کی آواز بھی اس کو پہنچ جاتی ہے۔ ؎ فلسفی کو منکر حنانہ است، از حواس انبیاء بیگانہ است۔ اسی طرح اس کی ناک کو بھی غیبی خوشبو سونگھنے کی ایک قوت دی جاتی ہے اور بسا اوقات وہ بشارت کے امور کو سونگھ لیتا ہے اور مکروہات کی بدبو اس کو آ جاتی ہے۔ علیٰ ہذا القیاس اس کے دل کو قوت فراست عطا کی جاتی ہے اور بہت سی باتیں اس کے دل میں پڑ جاتی ہیں اور وہ صحیح ہوتی ہیں۔ علیٰ ہذا القیاس شیطان اس پر تصرف کرنے سے محروم ہو جاتا ہے کیونکہ اس میں شیطان کا کوئی حصہ نہیں رہتا۔ اور باعث نہایت درجہ فنافی اللہ ہونے کے اس کی زبان ہر وقت خدا کی زبان ہوتی ہے اور اس کا ہاتھ خدا کا ہاتھ ہوتا ہے۔ اور اگرچہ اس کو خاص طور پر الہام بھی نہ ہو تب بھی جو کچھ اس کی زبان پر جاری ہوتا ہے وہ اس کی طرف سے نہیں بلکہ خدا کی طرف سے ہوتا ہے کیونکہ نفسانی ہستی اس کی بکلی جل جاتی ہے اور سفلی ہستی پر ایک موت طاری ہو کر ایک نئی اور پاک زندگی اس کو ملتی ہے۔ جس پر ہر وقت انوار الٰہیہ منعکس ہوتے رہتے ہیں۔

اسی طرح اس کی پیشانی کو ایک نور عطا کیا جاتا ہے جو بجز عشاق الٰہی کے اور کسی کو نہیں دیا جاتا اور بعض خاص وقتوں میں وہ نور ایسا چمکتا ہے کہ ایک کافر بھی اس کو محسوس کر سکتا ہے۔ بالخصوص ایسی حالت میں جبکہ وہ لوگ ستائے جاتے ہیں اور نصرت الٰہی حاصل کرنے کے لئے خدا تعالیٰ کی طرف توجہ کرتے ہیں۔ پس وہ اقبال علی اللہ کا وقت ان کے لئے ایک خاص وقت ہوتا ہے اور خدا کا نور ان کی پیشانی میں اپنا جلوہ ظاہر کرتا ہے۔

ایسا ہی ان کے ہاتھوں اور پیروں میں اور تمام بدن میں ایک برکت دی جاتی ہے جس کی وجہ سے ان کا پہنا ہوا کپڑا بھی متبرک ہو جاتا ہے اور اکثر اوقات کسی شخص کو چھونا یا اس کو ہاتھ لگانا اس کے امراض روحانی یا جسمانی کے ازالہ کا موجب ٹھہرتا ہے۔

اسی طرح ان کے رہنے کے مکانات میں بھی خدائے عزوجل ایک برکت رکھ دیتا ہے وہ مکان بلاؤں سے محفوظ رہتا ہے۔ خدا کے فرشتے اس کی حفاظت کرتے ہیں۔

اسی طرح ان کے شہر یا گاؤں میں بھی ایک برکت اور خصوصیت دی جاتی ہے۔ اسی طرح اس خاک کو بھی کچھ برکت دی جاتی ہے جس پر ان کا قدم پڑتا ہے۔

اسی طرح اس درجہ کے لوگوں کی تمام خواہشیں بھی اکثر اوقات پیشگوئی کا رنگ پیدا کر لیتی ہیں یعنی جب کسی چیز کے کھانے یا پینے یا پہننے یا دیکھنے کی بشدت ان کے اندر خواہش پیدا ہوتی ہے تو وہ خواہش ہی پیشگوئی کی صورت پکڑ لیتی ہے۔ اور جب قبل از وقت اضطرار کے ساتھ ان کے دل میں ایک خواہش پیدا ہوتی ہے تو وہ چیز میسر آ جاتی ہے۔

اسی طرح ان کی رضا مندی اور ناراضگی بھی پیشگوئی کا رنگ اپنے اندر رکھتی ہے پس جس شخص پر وہ شدت سے راضی اور خوش ہوتے ہیں اس کے آئندہ اقبال کے لئے یہ بشارت ہوتی ہے اور جس پر وہ بشدت ناراض ہوتے ہیں اس کے آئندہ ادبار اور تباہی پر دلیل ہوتی ہے کیونکہ بباعث فنافی اللہ ہونے کے وہ سرائے حق میں ہوتے ہیں اور ان کی رضا اور غضب خدا کا رضا اور غضب ہوتا ہے اور نفس کی تحریک سے نہیں بلکہ خدا کی طرف سے یہ حالات ان میں پیدا ہوتے ہیں۔

جب ان کے دلوں میں کسی مصیبت کے وقت شدت سے بے قراری ہوتی ہے اور اس شدید بے قراری کی حالت میں وہ اپنے خدا کی طرف توجہ کرتے ہیں تو خدا ان کی سنتا ہے۔ اور اس وقت ان کا ہاتھ گویا خدا کا ہاتھ ہوتا ہے۔ خدا ایک مخفی خزانہ کی طرح ہے۔ کامل مقبولوں کے ذریعہ سے وہ اپنا چہرہ دکھلاتا ہے۔ خدا کے نشان تبھی ظاہر ہوتے ہیں جب اس کے مقبول ستائے جاتے ہیں اور جب حد سے زیادہ ان کو دکھ دیا جاتا ہے تو سمجھو کہ خدا کا نشان نزدیک ہے بلکہ دروازہ پر۔ کیونکہ یہ وہ قوم ہے کہ کوئی اپنے پیارے بیٹے سے ایسی محبت نہیں کرے گا جیسا کہ خدا ان لوگوں سے کرتا ہے جو دل و جان سے اس کے ہو جاتے ہیں۔ وہ ان کے لئے عجائب کام دکھلاتا ہے اور ایسی اپنی قوت دکھلاتا ہے کہ جیسا ایک سوتا ہوا شیر جاگ اٹھتا ہے۔ خدا مخفی ہے اور اس کے ظاہر کرنے والے یہی لوگ ہیں۔ وہ ہزاروں پردوں کے اندر ہے اور اس کا چہرہ دکھلانے والی یہی قوم ہے۔

(حقیقۃ الوحی۔ روحانی خزائن جلد 22 ص 18)

یہ خدا تعالیٰ کا ایسے لوگوں سے پیار و محبت کا تعلق ہے اور پھر خدا رسیدہ باصفا لوگوں کا خدا کے لئے اور خدا کی رضا کی خاطر کیسا اظہار ہوتا ہے جو وہ اپنے طبعی جوش اور للّٰہی محبت کی وجہ سے کرتے ہیں اس حقیقت سے حضرت مسیح موعود نے اپنی اسی تصنیف میں یوں پردہ اٹھایا ہے:۔

پس جب کوئی ایسا دل ہو جاتا ہے کہ نفس کی محبت اور اس کی آرزوؤں اور دنیا کی محبت اور اس کی تمناؤں سے بالکل خالی ہو جاتا ہے۔ اور سفلی محبتوں کی آلائشوں سے پاک ہو جاتا ہے تو ایسے دل کو جو غیر کی محبت سے خالی ہو چکا ہے خدا تعالیٰ تجلیات حسن و جمال کے ساتھ اپنی محبت سے پُر کر دیتا ہے تب دنیا اس سے دشمنی کرتی ہیں کیونکہ دنیا شیطان کے سایہ کے نیچے چلتی ہے اس لئے وہ راستباز سے پیار نہیں کر سکتی۔ مگر خدا اس کو ایک بچے کی طرح اپنے کنار عاطفت میں لے لیتا ہے اور اس کے لئے ایسی ایسی طاقت الوہیت کے کام دکھلاتا ہے جس سے ہر ایک دیکھنے والے کی آنکھ کو چہرہ خدا کا نظر آ جاتا ہے۔ پس اس کا وجود خدا نما ہوتا ہے جس سے پتہ لگتا ہے کہ خدا موجود ہے۔

اور یاد رہے کہ جیسا کہ تیسری قسم کے لوگوں کی خوابیں نہایت صاف ہوتی ہیں اور پیشگوئیاں ان کی تمام دنیا سے بڑھ کر صحیح نکلتی ہیں اور نیز وہ عظیم الشان امور کے متعلق ہوتی ہیں اور اس قدر ان کی کثرت ہوتی ہے کہ گویا ایک سمندر ہے۔ ایسا ہی ان کے معارف اور حقائق بھی کیفیت اور کمیت میں تمام بنی نوع سے بڑھ کر ہوتے ہیں اور خدا کے کلام کے متعلق وہ معارف صحیحہ سمجھتے ہیں جو دوسرے لوگ نہیں سوچ سکتے کیونکہ وہ روح القدس سے مدد پاتے ہیں اور جس طرح ان کو ایک زندہ دل دیا جاتا ہے اسی طرح ان کو ایک زبان عطا کی جاتی ہے اور ان کے معارف حال کے چشمہ میں سے نکلتے ہیں نہ محض قال کے گندہ کیچڑ سے۔ اور انسانی فطرت کی تمام عمدہ شاخیں ان میں پائی جاتی ہیں اور اسی کے مقابل پر تمام قسم کی نصرت بھی ان کو عطا ہوتی ہے۔ ان کے سینے کھولے جاتے ہیں اور ان کو خدا کی راہ میں ایک غیر معمولی شجاعت بخشی جاتی ہے۔ وہ خدا کے لئے موت سے نہیں ڈرتے اور آگ میں جل جانے سے خوف نہیں کرتے۔ ان کے دودھ سے ایک دنیا سیراب ہوتی ہے اور کمزور دل قوت پکڑتے ہیں۔

خدا کی رضا جوئی کے لئے ان کے دل قربان ہوتے ہیں۔ وہ اسی کے ہو جاتے ہیں اسی لئے خدا ان کا ہو جاتا ہے اور جب وہ اپنے سارے دل سے خدا کی طرف جھکتے ہیں تو خدا اسی طرح ان کی طرف جھکتا ہے کہ ہر ایک کو پتہ لگ جاتا ہے کہ ہر میدان میں خدا ان کی پاسداری کرتا ہے۔ درحقیقت خدا کے لوگوں کو کوئی شناخت نہیں کر سکتا۔ مگر وہی قادر خدا جس کی دلوں پر نظر ہے۔ پس جس دل کو وہ دیکھتا ہے کہ سچ مچ اس کی طرف آ گیا۔ اس کے لئے عجیب عجیب کام دکھلاتا ہے اور اس کی مدد کے لئے ہر ایک راہ میں کھڑا ہو جاتا ہے۔ وہ اس کے لئے وہ قدرتیں دکھلاتا ہے جو دنیا پر مخفی ہیں اور اس کے لئے ایسا غیرت مند ہو جاتا ہے کہ کوئی خویش اپنے خویش کے لئے ایسی غیرت دکھلا نہیں سکتا۔ اپنے علم میں سے اس کو علم دیتا ہے اور اپنی عقل میں سے اس کو عقل بخشتا ہے۔ اور اس کو اپنے لئے ایسا محو کر دیتا ہے کہ دوسرے تمام لوگوں سے اس کے تعلقات قطع ہو جاتے ہیں۔ ایسے لوگ خدا کی محبت میں مر کر ایک نیا تولد پاتے ہیں اور فنا ہو کر ایک نئے وجود کے وارث بنتے ہیں۔ خدا ان کو غیروں کی آنکھ سے ایسا پوشیدہ رکھتا ہے جیسا کہ وہ آپ پوشیدہ ہے۔ مگر پھر بھی اپنے چہرہ کی چمک ان کے منہ پر ڈالتا ہے اور اپنا نور

ان کی پیشانی پر برساتا ہے جس سے وہ پوشیدہ نہیں رہ سکتے۔اوران پر جب کوئی مصیبت آوے تو وہ اس سے پیچھے نہیں ہٹتے بلکہ آگے قدم بڑھاتے ہیں اور ان کا آج کا دن کل کے دن جو گزر گیا معرفت اور محبت میں زیادہ ہوتا ہے اور ہر ایک دم محبتانہ تعلق ان کا ترقی میں ہوا کرتا ہے۔اوران کی شدت محبت اور توکل اور تقویٰ کی وجہ سے ان کی دعائیں رد نہیں ہوتیں اور وہ ضائع نہیں کی جاتیں کیونکہ وہ خدا کی رضا جوئی میں گم ہو جاتے ہیں اور اپنی رضا ترک کر دیتے ہیں۔اس لئے خدا بھی ان کی رضا جوئی کرتا ہے۔ وہ نہاں در نہاں ہوتے ہیں دنیا ان کو شناخت نہیں کر سکتی کیونکہ وہ دنیا سے بہت دور چلے جاتے ہیں اوران کے بارے میں سرسری رائیں نکالنے والے ہلاک ہو جاتے ہیں۔ نہ دوست ان کی حقیقت تک پہنچ سکتا ہے نہ کوئی دشمن کیونکہ وہ احدیت کی چادر کے اندر مخفی ہوتے ہیں۔ کون ان کی پوری حقیقت جانتا ہے مگر وہی جس کے جذبات محبت میں سرمست ہیں۔وہ ایک قوم ہے جو خدا نہیں مگر خدا سے ایک دم بھی الگ نہیں۔وہ سب سے زیادہ خدا سے ڈرنے والے۔سب سے زیادہ خدا سے وفا کرنے والے۔ سب سے زیادہ خدا کی راہ میں صدق اور استقامت دکھلانے والے۔سب سے زیادہ خدا پر توکل کرنے والے۔سب سے زیادہ خدا کی رضا کو ڈھونڈنے والے۔ سب سے زیادہ خدا کا ساتھ اختیار کرنے والے۔سب سے زیادہ اپنے رب عزیز سے محبت کرنے والے ہیں اور تعلق باللہ میں ان کا اس جگہ تک قدم ہے جہاں تک انسانی نظریں نہیں پہنچتیں۔ اس لئے خدا ایک ایسی خارق عادت نصرت کے ساتھ ان کی طرف دوڑتا ہے کہ گویا وہ اور ہی خدا ہے اور وہ کام ان کے لئے دکھلاتا ہے کہ جب سے دنیا پیدا ہوئی کسی غیر کے لئے اس نے دکھلائے نہیں۔

(حقیقۃ الوحی۔روحانی خزائن جلد 22 ص 56)

گویا جوں جوں سالک خدا کی طرف کشاں کشاں بڑھتا ہے خدا تعالیٰ مادر مہربان سے بھی بڑھ کر اس کی طرف بازوؤں کو پھیلائے اپنی محبت کا اظہار کر رہا ہوتا ہے۔گویا ؎

دونوں طرف ہے آگ برابر لگی ہوئی

حضرت مسیح موعود اپنے منظوم کلام میں اس کا یوں اظہار فرماتے ہیں۔ ؎

خدا سے وہی لوگ کرتے ہیں پیار
جو سب کچھ ہی کرتے ہیں اس پر نثار
اسی فکر میں رہتے ہیں روزوشب
کہ راضی وہ دلدار ہوتا ہے کب
اسے دے چکے مال و جاں بار بار
ابھی خوف دل میں کہ ہیں نابکار
لگاتے ہیں دل اپنا اس پاک سے
وہی پاک جاتے ہیں اس خاک سے

ان فرستادہ اور مقربان الٰہی کے شہسوار انبیاء علیہم السلام ہوتے ہیں اور تمام اولین و آخرین انبیاء کے سردار شہ لولاک جن کا اسوہ اور نمونہ ہم سب کے لئے روشن مینار ہے جس کے نور سے مستفید ہو کر قرب کی راہوں کو جلد سے جلد حاصل کیا جا سکتا ہے۔انبیاء علیہم السلام کے نمونے اور حضرت اقدس محمد مصطفی ﷺ کے کامل نمونے کا جس عقیدت سے حضرت مسیح موعود نے اپنی اس تصنیف لطیف میں ذکر کیا وہ آخر پر بیان کرتا ہوں۔

”سو خدا کی راہ میں سب سے اول قربانی دینے والے نبی ہیں۔ ہر ایک اپنے لئے کوشش کرتا ہے مگر انبیاء علیہم السلام دوسروں کے لئے کوشش کرتے ہیں۔ لوگ سوتے ہیں اور وہ ان کے لئے جاگتے ہیں اور لوگ ہنستے ہیں اور وہ ان کے لئے روتے ہیں اور دنیا کی رہائی کے لئے ہر ایک مصیبت کو بخوشی اپنے پر وارد کر لیتے ہیں۔ یہ سب اس لئے کرتے ہیں کہ تا خدا تعالیٰ کچھ ایسی تجلی فرماوے کہ لوگوں پر ثابت ہو جاوے کہ خدا موجود ہے اور مستعد دلوں پر اس کی ہستی اور اس کی توحید منکشف ہو جاوے تا کہ وہ نجات پائیں۔ پس وہ جانی دشمنوں کی ہمدردی میں مر رہتے ہیں اور جب انتہا درجہ پر ان کا درد پہنچتا ہے اور ان کی دردناک آہوں سے (جو مخلوق کی رہائی کے لئے ہوتی ہیں) آسمان پر ہو جاتا ہے۔تب خدا تعالیٰ اپنے چہرہ کی چمک دکھلاتا ہے اور زبردست نشانوں کے ساتھ اپنی ہستی اور اپنی توحید لوگوں پر ظاہر کرتا ہے۔ پس اس میں شک نہیں کہ توحید اور خدادانی کی متاع رسول کے دامن سے ہی دنیا کو ملتی ہے بغیر اس کے ہرگز نہیں مل سکتی اور اس امر میں سب سے اعلیٰ نمونہ ہمارے نبی ﷺ نے دکھلایا کہ ایک قوم جو نجاست پر بیٹھی ہوئی تھی ان کو نجاست سے اٹھا کر گلزار میں پہنچا دیا۔ اور وہ جو روحانی بھوک اور پیاس سے مرنے لگے تھے ان کے آگے روحانی اعلیٰ درجہ کی غذائیں اور شیریں شربت رکھ دیئے۔ ان کو وحشیانہ حالت سے انسان بنایا۔ پھر معمولی انسان سے مہذب انسان بنایا پھر مہذب انسان سے کامل انسان بنایا اور اس قدر ان کے لئے نشان ظاہر کئے کہ ان کو خدا دکھلا دیا اور ان میں ایسی تبدیلی پیدا کر دی کہ انہوں نے فرشتوں سے ہاتھ جا ملائے۔ یہ تاثیر کسی اور نبی سے اپنی امت کی نسبت ظہور میں نہ آئی کیونکہ ان کے صحبت یاب ناقص رہے پس میں ہمیشہ تعجب کی نگہ سے دیکھتا ہوں کہ یہ عربی نبی جس کا نام محمد ہے (ہزار ہزار درود اور سلام اس پر) یہ کس عالی مرتبہ کا نبی ہے۔اس کے عالی مقام کا انتہا معلوم نہیں ہو سکتا اور اس کی تاثیر قدسی کا اندازہ کرنا انسان کا کام نہیں۔

(حقیقۃ الوحی۔روحانی خزائن جلد 22 ص 117)

ایگزیما

ڈلکامارا۔میزیریم

”ڈلکامارا میں سر پر کھرنڈ بن جاتے ہیں جن سے رطوبت بہتی ہے۔ یہ علامت (Mezereum) میں بھی پائی جاتی ہے۔لیکن میزیریم میں ایگزیما کے اوپر جھلی سی بن جاتی ہے جس میں پیپ اور شدید بو پائی جاتی ہے۔ ڈلکامارا میں یہ علامات زیادہ شدید نہیں ہوتیں۔“ (صفحہ: 365)

مجید احمد خان صاحب منہاس

تندرستی ہزار نعمت ہے

دل کی تکلیف اور دیگر بیماریوں سے بچاؤ کی بعض مفید تجاویز

ورلڈ ہیلتھ آرگنائزیشن کی طرف سے بتایا گیا ہے کہ اب تمام اموات میں چوتھائی حصہ دل کی بیماریوں سے ہو رہا ہے۔ جبکہ 1960ء کی دہائی میں دل کی تکلیف سے موت کوئی اکا دکا واقعہ ہوتی تھی پھر 1970ء میں سینکڑوں میں ہونی شروع ہوئیں اور 1980ء میں ہزاروں تک پہنچ گئیں۔ یہ درست ہے کہ اب حکومت پاکستان کی کوششوں سے کچھ کم ہونی شروع ہوئی ہیں۔اور اب پاکستان دنیا میں 38 نمبر پر آ گیا ہے۔

جیسے جیسے دنیا میں آرام وسکون اور سفر وحضر خوراک لباس میں سہولتیں پیدا ہو رہی ہیں۔ اتنا ہی ہمارا جسم آرام دہ ہو کر ہائی بلڈ پریشر، ذیابیطس، جسمانی سستی کاہلی اور موٹاپے کا شکار ہو رہا ہے۔آج کی دنیا اور سوسائٹی میں پائے جانے والے امراض اور کھچاؤ، بے چینی، گھبراہٹ کی کیفیت کی فراوانی اور فضائی آلودگی سے شدید قسم کی انفیکشن، سگریٹ نوشی سے مسلسل بڑھ رہی ہیں۔

واقعتہً 1960ء سے قبل سینکڑوں انسانوں سے کوئی ایک آدھ دل کا مریض ہوتا تھا۔ کیونکہ اس وقت غربت، تابعداری، صالح چال چلن، خوش خلقی، عمدہ زبان، انکساری ہر بشر میں نمایاں اور خوب تھی خواہ کوئی غریب تھا یا امیر، ہاتھوں پاؤں اور زبان سے اپنا اور دوسروں کا ہر کام کرنا اچھا خیال کیا جاتا تھا۔ یہاں تک کہ مہمان کے آگے کھانا بھی اپنے ہاتھ سے رکھنا ضروری تھا۔

